آل پاکستان پارلیمانی مباحثہ میں امیر الدین میڈیکل کالج کی ٹیم کی ملکی سطح پر کامیابی

ماحولیاتی تبدیلیوں کیلئے سرگرم "ڈائیلاگ کلائمیٹ چیلنج" کے زیراہتمام پاکستان ڈبیٹنگ سپر لیگ

پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر کی میڈیکل سٹوڈنٹس کو مبارکباد، نیک خواہشات کا اظہار

جنرل ہسپتال سے منسلک اے ایم سی کالج کے سعد جاوید، حارث طاہر اور حزیفہ وسیم نے فائنل میں میدان مارلیا

لاہور 24 اکتوبر:......ماحولیاتی تبدیلیوں کے حوالے سے سرگرم عمل ڈائیلاگ کلائمیٹ چیلنج کے زیراہتمام پاکستان ڈبیٹنگ سپر لیگ کے عنوان سے منعقد ہونے والے آل پاکستان پارلیمانی مباحثہ میں امیر الدین میڈیکل کالج لاہور کی ٹیم نے کراچی کو شکست دے کر ملکی سطح پر کامیابی حاصل کر لی۔جنرل ہسپتال سے منسلک اے ایم سی کے سٹوڈنٹس سعد جاوید، حارث طاہر اور حزیفہ وسیم نے فائنل مقابلے میں میدان مارلیا جس پر پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے مبارکباد دیتے ہوئے اسے ادارے کے لئے قابل فخر اقدام قرار دیا اور کہا کہ امیر الدین میڈیکل کالج کی ڈبیٹنگ سوسائٹی نے جیت اور کامیابی کی روائیت برقرار رکھی ہے جو اس ادارے کے لئے کسی بڑے اعزاز سے کم نہیں۔

اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ یہ امر انتہائی حوصلہ افزا ہے کہ اس ادارے کے میڈیکل سٹوڈنٹس پیچیدہ اور مشکل سائنسی تعلیم کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں جس سے نہ صرف ادارے کا نام روشن ہوتا ہے بلکہ طلباو طالبات کی شخصیت میں بھی نکھار پیدا ہوتا ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ اس ادارے کے قیام سے لے کر آج تک میڈیکل سٹوڈنٹس کھیلوں اور دیگر ہم نصابی سرگرمیوں میں پیش پیش رہے ہیں لیکن ڈبیٹنگ سوسائٹی کا کامیابیاں حاصل کرنے کا ریکارڈ منفرد ہے جس پر وہ اس سوسائٹی کے سرپرست پروفیسر صاحبان کو بھی مبارکباد پیش کرتے ہیں ۔انہوں نے توقع ظاہر کی کہ انشاءاللہ مستقبل میں بھی کالج کے طلباو طالبات اسی طرح کامیاب ہوتے رہیں گے اور ادارے کیلئے فخر کا باعث بنیں گے۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ امیر الدین میڈیکل کالج کی ڈبیٹنگ ٹیم نے اس سے قبل مقابلوں میں گورنمنٹ کالج یونیورسٹی لاہور اور پنجاب یونیورسٹی کی ٹیموں کو شکست دیتے ہوئے صوبے کی سطح پر تمام مراحل کو کامیابی سے طے کیا اور یونیورسٹی آف لاہور اور کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کی ٹیموں کو بھی پیچھے چھوڑتے ہوئے پورے پنجاب سے کامیاب ہو کر سیمی فائنل میں پہنچی اور وہاں بلوچستان اور سندھ کی ٹیموں کو شکست دیتے ہوئے فائنل میں جگہ بنانے میں کامیاب ہوئی ۔اے ایم سی کی ڈبیٹنگ سوسائٹی کے طلباو طالبات نے فائنل میں سندھ سے کامیاب ہونے والی لیاری میڈیکل کالج کی ٹیم سے زبردست مقابلہ کیا اور بلا آخر فتح اپنے نام کر لی۔

امیر الدین میڈیکل کالج کے سٹوڈنٹس کا کل پاکستان پارلیمانی مباحثے میں فتح حاصل کرنے کے
بعد پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر کے ہمراہ گروپ فوٹو